


''اپنے وطن سے دؤر؟'' عامر نے پوچھا۔

ابّو نے کہا — ''ہاں! بہادر شاہ ظفر کو اپنے وطن سے بہت محبت تھی۔ وہ ہندوستان واپس آنا چاہتے تھے لیکن انگریزوں نے ان کی ایک نہیں سنی۔ بہادر شاہ ظفر نے یہ خواہش بھی ظاہر کی تھی کہ ان کی موت کے بعد اُن کو ہندوستان میں دفن کیا جائے۔ انگریزوں نے یہ خواہش بھی پوری نہیں ہونے دی۔ 9 نومبر 1862ء کو ان کی وفات ہوئی اور وہ رنگون ہی میں دفن کیے گئے۔ برسوں بعد جب آزادی کی تحریک نے زور پکڑا تو نیتا جی سبھاش چندر بوس نے اپنی آزاد ہند فوج کے ساتھ پہلی جنگِ آزادی کے اس سپہ سالار کے مزار پر حاضری دی۔ انھوں نے اس خواہش کا اظہار کیا کہ بہادر شاہ ظفر کے باقیات ہندوستان لے جائے جائیں۔

بہادر شاہ ظفر کی رہنمائی میں آزادی کی جو جنگ شروع ہوئی تھی وہ 15 اگست 1947ء کو کامیاب ہوئی، اُسی کی یاد میں آج تمھارے اسکول میں جشن منایا گیا۔''

# مشق

## 1 معنی یاد کیجیے:

| | | |
|---|---|---|
| موضوع | : | وہ بات جس کے بارے میں کچھ کہا یا لکھا جائے |
| سپہ سالار | : | فوج کا سربراہ |
| حیرت زدہ | : | حیران |
| برائے نام | : | نہ ہونے کے برابر |
| نجات | : | چھٹکارا، رہائی |
| بغاوت | : | اپنے حق کے لیے لڑنا، دوسرے کی حکمرانی سے انکار کرنا |
| بدسلوکی | : | بُرا برتاؤ |
| وسائل | : | وسیلے کی جمع، ذریعے |
| سرِ عام | : | کھلم کھلا، عوام کے سامنے |
| غدر | : | ہنگامہ، شورش |
| جلاوطن | : | دیس نکالا |
| باقیات | : | بچی ہوئی چیزیں |

## 2 سوچیے اور بتائیے:

(i) انگریز ہندوستان میں کس کمپنی کے تاجر بن کر آئے؟

(ii) 1857ء میں جو لوگ انگریزوں کے خلاف تھے اُن کے نام بتائیے؟

© NCERT not to be republished

(iii) بہادر شاہ ظفر نے فوج کی کمان کس جنرل کو سونپی؟

(iv) انگریز دوبارہ دلّی پر قابض ہونے میں کیوں کامیاب ہو گئے؟

(v) پہلی جنگِ آزادی کو انگریزوں نے کیا نام دیا؟

(vi) سبھاش چندر بوس کی فوج کا نام کیا تھا؟

## 3 نیچے دیے ہوئے محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجیے:

قدم اکھڑنا      اونے پونے خریدنا      بھاری پڑنا

## 4 نیچے دیے ہوئے الفاظ کے متضاد لکھیے:

موت      آزادی      کامیاب      خراب      جواب

## 5 نیچے دیے ہوئے جملوں میں فعل کی نشان دہی کیجیے:

(i) ہندوستانی فوجیوں نے انگریزوں کو دلّی سے بھگا دیا۔

(ii) بہادر شاہ ظفر کو اپنا بادشاہ تسلیم کیا۔

(iii) ہندوستانی سپاہیوں نے ڈٹ کر انگریزوں کا مقابلہ کیا۔

(iv) بہادر شاہ ظفر کے باقیات ہندوستان لے جائے جائیں۔

## 6 عملی کام:

ایسی پانچ جگہوں کے نام لکھیے جن کا ذکر جنگِ آزادی کے سلسلے میں کیا جاتا ہے۔

© NCERT not to be republished